8. ہیؤن سانگ نے اپنے سفر نامے میں ایک شخص کو عجیب وغریب کیوں کہا ہے؟
9. اس واقعے کا ذکر کرکے پنڈت نہرو اپنی بیٹی کو کیا سبق دینا چاہتے تھے؟

## خالی جگہ کو صحیح لفظ سے بھریے

1. ـــــــ کا تعلق تو دل سے ہے۔
2. چین کا ایک سیّاح ـــــــ کی تلاش میں ہندوستان آیا۔
3. ـــــــ پڑھ لکھ کر بہت قابل ہو گیا۔
4. اس کو ـــــــ کا خطاب دیا گیا۔
5. اس کے بعد اس نے اپنا ـــــــ لکھا۔
6. یہ شخص اپنے پیٹ کے چاروں طرف ـــــــ باندھے رہتا تھا۔
7. میں ہر وقت اپنے سر پر ـــــــ لیے پھرتا ہوں۔
8. اپنے ملک کی آزادی کی ـــــــ کو دیکھ رہی ہو۔

## نیچے دیے ہوئے جملوں کو صحیح ترتیب سے لکھیے

1. میرے اندر بے حساب علم بھرا ہوا ہے۔
2. میں نینی جیل سے تمھارے لیے کیا تحفہ بھیجوں۔
3. اور جب میری عقل محدود ہے تو میں کیسے ایک عقل مند آدمی بن کر دوسروں کو مشورہ دوں۔
4. ملک چین سے ایک سیّاح علم ودانش کی تلاش میں ہندوستان آیا۔
5. تم ایک دن بہادر سپاہی بنو اور ہندوستان کی خدمت کرو۔
6. اس کا زیادہ وقت نالندہ ودیا پیٹھ میں گزرا جو شہر پاٹلی پُتر کے قریب واقع تھی۔
7. اس کے بعد اس نے اپنا سفر نامہ لکھا۔
8. ہیؤن سانگ پڑھ لکھ کر بہت قابل ہو گیا۔

© NCERT not to be republished

## نیچے لکھے ہوئے لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے

سیّاح عظیم الشان علم وحکمت بحث ومباحثہ مشعل

## لکھیے

اپنے دوست کو ایک خط لکھیے جس میں اس خط کی کہانی کا ذکر ہو۔

## یاد رکھیے

پاٹلی پُتر کا نیا نام ''پٹنہ'' ہے۔ یہ شہر بہار کی راجدھانی ہے۔

## غور کرنے کی بات

- خط کو مکتوب بھی کہتے ہیں۔ اس کا تعلق دو لوگوں سے ہوتا ہے۔ ایک خط لکھنے والا جسے مکتوب نگار کہتے ہیں اور جسے خط لکھا جائے وہ مکتوب الیہ کہلاتا ہے۔ اس خط میں مکتوب نگار پنڈت جواہر لعل نہرو اور مکتوب الیہ ان کی بیٹی اِندرا ہیں۔

© NCERT not to be republished